## ⑤ مُعَرَّف باللّام (اَلْ کے ذریعے معرفہ بنایا ہوا)

وہ اسم جس پر "اَلْ" داخل ہو "معرف باللّام" کہلاتا ہے۔ کسی نکرہ اسم کے شروع میں اَلْ لگانے سے وہ معرفہ بن جاتا ہے۔ مثلاً:

| | | |
|---|---|---|
| کِتَاب | ← | اَلْكِتَاب |
| كِتَابَانِ | ← | اَلْكِتَابَانِ |
| كُتُب | ← | اَلْكُتُب |
| مُسْلِمُوْنَ | ← | اَلْمُسْلِمُوْنَ |

☆ (اَلْ) میں ھمزہ (اَ) کو ھَمْزَةُ الوَصْل کہتے ہیں جبکہ لام (لْ) لامِ تعریف کہلاتا ہے۔

☆ معرف باللّام کے ماقبل کوئی لفظ آجائے تو ملا کر پڑھتے ہوئے ھمزة الوصل کا ہمزہ پڑھنے میں نہیں آتا صرف لکھنے میں رہ جاتا ہے۔ مثلاً:

ذٰلِكَ + اَلْكِتَاب = ذٰلِكَ الْكِتَاب

☆ (اَلْ) میں (لْ) کی ادائیگی کبھی کی جاتی ہے اور کبھی لام صرف لکھا رہ جاتا ہے اس کا تلفظ نہیں کیا جاتا مثلاً:

اَلْقَمَر - اَلشَّمْس

اس بات کا فیصلہ متعلقہ نکرہ اسم کے پہلے حرف سے کیا جاتا ہے۔ اس اعتبار سے حروف الھجاء کی تقسیم دو طرح سے کی جاتی ہے۔

### ① قمری حروف

(جن پر اَلْقَمَر کے اصول کا اطلاق ہوگا)

### ② شمسی حروف

(جن پر اَلشَّمْس کے اصول کا اطلاق ہوگا)

قمری حروف یاد کرنے کے لیے ایک جملہ یاد کرنا کافی ہے۔

"حق کا خوف عجب غم ہے"

مندرجہ بالا جملے میں 14 حروف استعمال ہوئے ہیں جو سب کے سب قمری حروف ہیں، ان کے علاوہ باقی 14 حروف شمسی حروف ہیں۔ (ہم جانتے ہیں کہ کل حروف 28 ہیں)۔

☆ اَلْ کسی معرفہ اسم پر داخل نہیں ہوگا سوائے اس کے کہ اہل زبان داخل کریں۔ مثلاً: اَلرُّوم۔ اَلْقَاهِرَة۔ اَلْعَبَّاس اَلْحَسَن۔ اَلْحُسَیْن وغیرہ۔

☆ عربی کا ''اَلْ'' انگریزی کے آرٹیکل "The" کے مشابہ ہے۔ جس طرح انگریزی زبان میں The cow سے مراد کوئی مخصوص گائے بھی ہو سکتی ہے اور گائے کی پوری جنس بھی، اسی طرح عربی میں اَلْاِنْسَان سے مراد کوئی متعین انسان بھی ہو سکتا ہے اور نسلِ انسانی بھی۔

☆ نکرہ اور معرفہ کے ترجمے میں فرق کرنے کے لیے اردو میں نکرہ کے ساتھ عام طور پر ایک، کوئی، ایسا یا کچھ جیسے الفاظ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً:

| | | | |
|---|---|---|---|
| کِتَاب | ایک یا کوئی کتاب | اَلْكِتَاب | کتاب |
| كُتُب | کچھ کتابیں | اَلْكُتُب | کتابیں |
| قَلَم | ایک / کوئی قلم | اَلْقَلَم | قلم |
| اَقْلَام | کچھ قلم | اَلْاَقْلَام | قلم (جمع) |

صفحہ نمبر (26)

| مثنّٰی | | مثنّٰی | | مثنّٰی | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلَدَانِ | وَلَدَيْنِ | عَيْنَانِ | عَيْنَيْنِ | طَالِبَتَانِ | طَالِبَتَانِ |
| مُسْلِمَانِ | مُسْلِمَيْنِ | يَدَانِ | يَدَيْنِ | مَكْتَبَانِ | مَكْتَبَيْنِ |
| مُؤْمِنَانِ | مُؤْمِنَيْنِ | مَسْجِدَانِ | مَسْجِدَيْنِ | نَافِذَتَانِ | نَافِذَتَيْنِ |
| اُسْتَاذَانِ | اُسْتَاذَيْنِ | بِنْتَانِ | بِنْتَيْنِ | اُذُنَانِ | اُذُنَيْنِ |



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طَالِبَانِ | طَالِبَيْنِ | كَافِرَانِ | كَافِرَيْنِ | رِجْلَانِ | رِجْلَيْنِ |
| كُرْسِيَّانِ | كُرْسِيَّيْنِ | مُنَافِقَانِ | مُنَافِقَيْنِ | مَدْرَسَتَانِ | مَدْرَسَتَيْنِ |
| بَابَانِ | بَابَيْنِ | اُسْتَاذَتَانِ | اُسْتَاذَتَيْنِ | | |

صفحہ نمبر (26)

| مثنّٰی | واحد | مثنّٰی | واحد | مثنّٰی | واحد |
|---|---|---|---|---|---|
| كَلِمَتَانِ | كَلِمَةٌ | خَفِيْفَتَانِ | خَفِيْفَةٌ | حَبِيْبَتَانِ | حَبِيْبَةٌ |
| ثَقِيْلَتَانِ | ثَقِيْلَةٌ | | | | |

صفحہ نمبر (28)

| جمع سالم | | جمع سالم | | جمع سالم | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنُوْنَ | مُؤْمِنِيْنَ | تَائِبُوْنَ | تَائِبِيْنَ | طَالِحُوْنَ | طَالِحِيْنَ |
| عَابِدُوْنَ | عَابِدِيْنَ | مُفْسِدُوْنَ | مُفْسِدِيْنَ | صَابِرُوْنَ | صَابِرِيْنَ |
| صَادِقُوْنَ | صَادِقِيْنَ | مُشْرِكُوْنَ | مُشْرِكِيْنَ | حَافِظُوْنَ | حَافِظِيْنَ |
| قَائِمُوْنَ | قَائِمِيْنَ | مُنَافِقُوْنَ | مُنَافِقِيْنَ | صَائِمُوْنَ | صَائِمِيْنَ |
| صَالِحُوْنَ | صَالِحِيْنَ | فَاسِقُوْنَ | فَاسِقِيْنَ | مُصْلِحُوْنَ | مُصْلِحِيْنَ |
| ظَالِمُوْنَ | ظَالِمِيْنَ | كَاذِبُوْنَ | كَاذِبِيْنَ | مُوَحِّدُوْنَ | مُوَحِّدِيْنَ |
| خَاشِعُوْنَ | خَاشِعِيْنَ | جَالِسُوْنَ | جَالِسِيْنَ | | |

| جمع سالم مؤنث | | جمع سالم مؤنث | | جمع سالم مؤنث | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنَاتٌ | مُؤْمِنَاتٍ | كَلِمَاتٌ | كَلِمَاتٍ | صَائِمَاتٌ | صَائِمَاتٍ |
| مُشْرِكَاتٌ | مُشْرِكَاتٍ | حُجُرَاتٌ | حُجُرَاتٍ | بَيِّنَاتٌ | بَيِّنَاتٍ |
| عَابِدَاتٌ | عَابِدَاتٍ | مُنَافِقَاتٌ | مُنَافِقَاتٍ | خُطُبَاتٌ | خُطُبَاتٍ |



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاسِقَاتٌ | فَاسِقَاتٍ | كَافِرَاتٌ | كَافِرَاتٍ | طَالِبَاتٌ | طَالِبَاتٍ |
| قَانِتَاتٌ | قَانِتَاتٍ | خَالِدَاتٌ | خَالِدَاتٍ | | |
| اٰيَاتٌ | اٰيَاتٍ | فَاجِرَاتٌ | فَاجِرَاتٍ | | |

مندرجہ ذیل اسماء کو "اَلْ" کے ذریعے معرفہ بنائیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَیْت | غُرْفَة | بِنْت | طِفْل | جِدَار | طَائِر |
| اَب | اُخْت | ظَاهِر | عَمّ | جَدّ | خَال |
| نُوْر | کُرَّاسَة | هِدَايَة | صُنْدُوْق | بَاب | شُبَّاك |
| لَوْح | سَاعَة | مِرْوَحَة | مَسْجِد | يَتِيْم | مُعَلِّم |
| تِيْن | ثَمِيْن | حَدِيْث | ضَيْف | ذِكْر | طَالِب |
| رَجُل | فَوْز | دَار | قَلَم | زَكٰوة | وَزْن |